## سوال

عصر کی قضا نماز مغرب کی نماز کے متصل بعد میں ادا کی جا سکتی ہے ؟

## جواب

قضا نمازوں میں ترتیب کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ بحالت مجبوری عصر کی نماز قضا ہوگئی ۔ اب کیا نماز عصر ، نماز مغرب کی نماز کے متصل بعد میں ادا کی جا سکتی ہے یا اگلے دن عصر کی نماز کے ساتھ ہی ادا کی جائے گی ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ ، أما بعد ! بحالت مجبوری قضا ہوجانے والی نمازوں کو جلد از جلد ادا کرلینا چاہیئے اور انہیں اگلے دن تک لیٹ نہیں کرنا چاہیئے ، لیکن یاد رہے کہ اہل علم کے راجح موقف کے مطابق نمازوں میں ترتیب کو برقرار رکھنا واجب ہے ۔ جیسا کہ شیخ ابن باز فرماتے ہیں ۔ اگر کسی شخص کی نماز عصر رہ گئی ہو اور وہ نماز مغرب کے وقت مسجد میں آئے اور کچھ وقت باقی ہو تو اس پر لازم ہے کہ وہ پہلے نماز عصر پڑھے پھر نماز مغرب پڑھے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث